کنٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ

(اشتہار نیلامی برائے دوکانات)

ہر خاص وعام بشمول کاروباری حضرات کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ نوشہرہ اپنی درج ذیل نئی تعمیر شدہ دوکانات کے حقوق کرایہ داری برائے عرصہ پانچ سال ماہانہ کرایہ پر دینے کیلئے نیلام عام منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات تاریخ اور وقت مقررہ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ دوکانات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	دوکانات / لوکیشن	ماہانہ کرایہ فی دوکان /ہال/ فارمیسی	مقررہ ماہانہ کرایہ فی دوکان برائے 05 سال 10 فیصد سالانہ اضافہ کے ساتھ	زرِ بیعانہ فی دوکان	تاریخ نیلام	تبادل تاریخ
01	10 عدد دوکانات سنگل سٹور نمبرات (33 تا 42) سی بی شاپس خوشحال کالونی روڈ نوشہرہ کینٹ	45,000/- روپے	32,96,754/- روپے	3,29,675/- روپے	24 .2026	25.11.2026
02	02 عدد دوکانات ڈبل سٹور نمبرات (32،43) سی بی شاپس خوشحال کالونی روڈ نوشہرہ کینٹ	50,000/- روپے	36,63,060/- روپے	3,66,306/- روپے	24.11.2026	25.11.2026
03	01 عدد دوکان نمبر 31 ڈبل سٹور سی بی شاپس خوشحال کالونی روڈ نوشہرہ کینٹ	50,000/- روپے	36,63,060/- روپے	3,66,306/- روپے	24.11.2026	25.11.2026
04	01 عدد ہال (فرسٹ فلور) کینٹ پلازہ نزد ریلوے کراسنگ، نوشہرہ کینٹ	50,000/- روپے	36,63,060/- روپے	3,66,306/- روپے	24.11.2026	25.11.2026
05	01 عدد ہال/ آفس (فرسٹ فلور) سی بی شاپس آر اے بازار، نوشہرہ کینٹ	24,000/- روپے	17,58,269/- روپے	1,75,827/- روپے	24.11.2026	25.11.2026
06	02 عدد دوکانات (گراونڈ فلور) گلستان کالونی، نوشہرہ کینٹ	4,000/- روپے	2,93,045/- روپے	29,305/- روپے	24.11.2026	25.11.2026
07	ایک عدد کمرہ خالی برائے میڈیکل سٹور (Pharmacy) کینٹ میڈیکل سنٹر اقبال پارک روڈ نوشہرہ کینٹ	30,000/- روپے	21,97,836/- روپے	2,19,784/- روپے	24.11.2026	25.11.2026

شرائط:۔

1- نیلامی مقررہ تاریخ کو دن 00: 02 بجے شروع ہو گی۔ وہ حضرات جنہوں نے کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ بمع قومی شناختی کارڈ جمع کروایا ہو وہی بولی میں حصہ لے سکیں گے۔

2- ایسا شخص یا فرم جو کینٹ بورڈ نوشہرہ کا نادہندہ / بلیک لیسٹ یا کسی مقدمہ بازی میں ملوث ہو گا وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

3- نیلامی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہو گی اور ماہانہ کرایہ میں 10 فیصد سالانہ اضافہ کیا جائے گا۔ کرایہ داری حقوق 05 سال کے لیے ہوں گے جو قبضہ کی تاریخ سے شروع ہو گی۔ 05 سال کی میعاد ختم ہونے کے بعد کینٹ بورڈ فیصلہ کریگا کہ آیا اس دوکان کو دوبارہ نیلام کیا جائے یا موجودہ کرایہ دار کو دیا جائے۔ اگر بورڈ موجودہ کرایہ دار کو دوکان دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو کرایہ داری کی مدت میں 02 دفعہ توسیع 05 سال کیلئے کر سکتا ہے۔ جس میں توسیع کے پہلے سال کم از کم 25٪ اضافہ ہو گا۔ اور اس کے بعد ہر سال 10 فیصد یا مارکیٹ کے مطابق اضافہ ہو گا۔

4- اول نمبر اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو ان کے کال ڈیپازٹ نیلامی کے اختتام پر اگلے روز واپس کر دیئے جائیں گے۔

5- قبضہ دوکان کرایہ داری کی حتمی منظوری بورڈ سے ملنے کے بعد 07 دن کے اندر معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل اور تین ماہ کا کرایہ بطور سیکیورٹی جمع کرنے کے بعد دیا جائے گا۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زرِ بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائی گی اور دوکان دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔ جس پر بولی دہندہ کو اعتراض کرنے کا کوئی قانونی حق حاصل نہ ہو گا۔

6- کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

7- کامیاب بولی دہندہ دوکان کسی دوسری پارٹی یا فرد کو کرایہ داری حقوق بورڈ کی منظوری کے بعد مجوزہ ٹرانسفر فیس کی ادائیگی کے تحت ٹرانسفر کر سکتا ہے۔ اور کرایہ داری کی بقایا مدت کے لئے نئے کرایہ دار کے ساتھ کرایہ داری کا معاہدہ کیا جائے گا۔

8- کامیاب بولی دہندہ حکومت کے مجوزہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

9- کامیاب بولی دہندہ اپنے دوکان کے Utility Bills باقاعدگی سے ادا کرنے کا پابند ہو گا اور کسی قسم کے واجبات کی صورت میں کرایہ دار قانونی طور پر خود ذمہ دار ہو گا

10- زیرِ دستخطی یا بورڈ وجہ بتائے بغیر بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

11- کامیاب بولی دہندہ دوکان کی مرمت اپنے خرچے پر کینٹ بورڈ کی منظوری سے کروائے گا ہر قسم کی صفائی و ستھرائی کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہو گی۔ کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ خود یا بذریعہ نمائندہ کسی بھی وقت دوکان کا معائنہ کر سکتا ہے۔

12- کینٹونمنٹ بورڈ اور کرایہ دار کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کینٹونمنٹس پشاور ثالث تصور ہو گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہونگے۔

13- دیگر شرائط دوکانات سائٹ و نقشہ دفتری اوقات میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جا سکتی ہیں۔

14- نیلامی پبلک رولز 2004 کے مطابق ہو گی اور اشتہار پبلک ادیب سائٹ پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

المشتہر:

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر نوشہرہ کینٹ

0923- 9220089